© rasailojaraid.com



مولانا حامد الحق حقانی
مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

# دارالعلوم کے شب و روز

## دارالعلوم کے نئے تعلیمی سال کا آغاز اور افتتاحی تقریب:

الحمدللہ ۱۹؍شوال ۱۴۳۶ھ بمطابق ۰۵؍اگست ۲۰۱۵ء بروز بدھ کو دارالعلوم کے نئے تعلیمی سال کا باقاعدہ آغاز ہوا۔ اس سے قبل دارالعلوم کے تمام درجات میں کثیر تعداد میں خالصتاً میرٹ اور وفاق المدارس کی اسناد کی بنیاد پر داخلے ہوئے اور باوجود سخت امتحان (انٹری ٹسٹ) اور قواعد وضوابط کے شعبہ درس نظامی، حفظ، تخصص وغیرہ میں ہزاروں طلباء کے اس سال الحمدللہ داخلے مکمل ہوئے۔ جن میں صرف دورہ حدیث کے طلباء کی تعداد پندرہ سو کے لگ بھگ ہے جبکہ وسائل کی کمی اور حالات کی خرابی کی وجہ سے نہایت سخت قیود وشرائط کا لحاظ رکھا گیا تھا۔ افتتاح کے موقع پر دارالعلوم کے تمام اساتذہ' مشائخ وطلباء ایوان شریعت (دارالحدیث) کے وسیع وعریض ہال میں جمع تھے۔ حسب سابق پہلے اجتماعی طور پر قرآن خوانی کا اہتمام کیا گیا۔ پھر اسکے بعد حضرت مہتمم مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے درس حدیث ترمذی سے باقاعدہ اسباق کا آغاز کیا۔ اس موقع پر آپ نے طلباء سے فضیلت علم، علماء، طلباء کی ذمہ داریاں، پابندی اوقات اور موجودہ نئے حالات میں دینی مدارس اور علماء وطلباء کو درپیش نئے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کیلئے بھرپور علمی تیاریوں کے بارے میں نصیحت آموز اور سیر حاصل خطاب فرمایا۔ پھر نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ نے تفصیلی اور ہدایات سے بھرپور جامع خطاب فرمایا جبکہ اختتامی دعا حضرت مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ صاحب نے فرمائی۔

## دارالعلوم حقانیہ کی نئی زیرتعمیر جامع مسجد مولانا عبدالحقؒ کے تہہ خانے کے حصے کا افتتاح

۲۰؍رمضان المبارک ۱۴۳۶ھ ۰۷؍جولائی ۲۰۱۵ء بروز منگل کو دارالعلوم حقانیہ کی نئی عظیم الشان تاریخی مسجد کے تہہ خانے کا افتتاح ہوا۔ چونکہ پرانی جامع مسجد شہید ہوگئی تھی جس میں ہر سال رمضان المبارک میں علاقہ بھر کی بڑی تعداد میں معتکفین حضرات اعتکاف کی سعادت حاصل کرتے تھے، لہٰذا رمضان المبارک کے مقدس ایام میں تہہ خانے میں دن رات ایک کرکے ۷۰۰۰ سکوائر فٹ کا حصہ تیار کر دیا گیا

© rasailojaraid.com